علاقائی خبریں

22 نومبر 2026

1:10 P.M.

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل لکھنو میں 5 ویں اسکل کانوکیشن میں شرکت کی۔اس موقع پر انڈسٹریل ٹریننگ انٹی ٹیوٹ، نیشنل اسکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (این ایس ٹی آئی) اور انسٹرکٹر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی او ٹی) کے 52 قومی سطح کے ٹاپرز کو ان کی شاندار کامیابیوں پر نوازا گیا۔ان میں ریاست کے چھ ہونہار جناب طلباء شامل تھے۔نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ آئی ٹی آئی کے ہنر مند نوجوانوں نے بھارت کی صلاحیتیں ترقی یافتہ ہندوستان کی توانائی ہیں۔نوجوانوں کی صلاحیتوں سے ہی قوم ترقی کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں آئی ٹی آئی طلباء کی مانگ بڑھ رہی ہے۔

बाइट.....

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ہنر مند ہندوستان کے ذریعے تربیت یافتہ نوجوان خود انحصار اور ترقی یافتہ ہندوستان کی مضبوط بنیاد ہیں۔

बाइट.....

اس موقع پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر میں ہنر مندی کا اہم کردار ہے۔

बाइट.....

اس تقریب میں مرکزی وزیر مملکت برائے ہنر مندی اور انٹرپرینیور شپ جیت چودھری بھی موجود تھے۔

.....

وزیر دفاع اور لکھنو کے رکن پارلیمنٹ راج ناتھ سنگھ نے آج اپنے پارلیمانی حلقہ میں واقع ایک نجی یونیورسٹی بی بی ڈی یو کے کانووکیشن کی تقریب میں شرکت کی۔ان کے ساتھ نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔وزیر دفاع نے اس موقع پر کہا کہ ہندوایران مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ بھارت وزیر دفاع نے کہا کہ ہندوستان کے ہنر مند نوجوان پوری دنیا میں کام کر رہے ہیں۔انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ تعلیمی قابلیت کے ساتھ ساتھ ہنر ہی آپ کو برتر بناتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہندوستانی اپنی ایک نئی شناخت بنا رہے ہیں۔

.....

ریاست میں چل رہی خصوصی ایس ائی ار ریویژن مہم کے تحت سبھی پولنگ اسٹیشنوں پر راج بھی بی ایل او فارم چھ سات اور اٹھ کے ساتھ موجود رہ کر ووٹرز کو درخواست دینے میں مدد فراہم کر رہے ہیں۔الیکشن کمیشن نے بتایا کہ نئے ووٹر بنانے کے لیے فارم چھ ووٹر لسٹ سے نام کٹوانے کے لیے فارم سات اور نام اور پتے میں ترمیم اور بوتھ تبدیل کرنے کے لیے فارم اٹھ بھرنا ہوگا۔ خصوصی مہم کے تحت بی ایل او اپنے

اپنے بھوتوں پر رہ کر ووٹرز کو ووٹر لسٹ سے جڑی معلومات فراہم کرینگے۔اور درخواست دینے میں مدد کریں گے۔یہ مہم آج کے بعد 28اور 29نومبر کو بھی منعقد ہو گی۔

.....

اترپردیش میں عوامی حفاظت نظام کو مزید مضبوط بنانے اور ہوائی حملے و دیگر ہنگامی صورتحال سے موثر ڈھنگ سے نپٹنے کی تیاریوں کو پرکھنے کے مقصد سے اج ریاست کے سبھی 75اضلاع میں ایک ساتھ سول ڈیفنس ایئر ریڈ اینڈ بلیک اوٹ موک ڈرل کا انعقاد کیا جائے گا۔

شام چھ بجے منعقد ہونے والی اس ایکسر سائز میں ہوائی حملے کا الرٹ، بلیک آؤٹ، بچاؤ اور راحت کاموں سمیت مختلف ہنگامی انتظامات کا مظاہرہ کیا جائے گا۔

.....

بیک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں کام کرنے والے اساتذہ کے لیے منعقدہ خصوصی ٹیچر اہلیتی ٹیسٹ کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

اترپردیش ایجوکیشن سروس سلیکشن کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر پرشانت کمار نے بتایا کہ 03/2026 کمیشن کے اشتہار نمبر صفر تین دو ہزار چھبیس کے تحت منعقدہ اس امتحان میں پرائمری سطح یعنی پہلی سے پانچویں جماعت میں شامل ہونے والے کل 50,666 امیدواروں میں سے 15,159 امیدواروں کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔

.....